© rasailojaraid.com



لکھا تھا۔ جس میں اس نے تحریر کیا تھا کہ اگر اسے بعض سوالات کا جواب نہ ملا تو وُہ عیسائی ہو جائے گا۔ مولانا مرحوم و مغفور نے اس کا فوری جواب دیا تو اللہ تعالیٰ نے سائل کو اطمینانِ قلب اور استقامت نصیب فرمائی۔

۶۔ اُردو ترجمہ "درجاتِ الیقین"۔ مصنفہ: امام ابن تیمیہ الحرانیؒ مع عربی متن
ضخامت: ۲۴ صفحات، ہدیہ اشاعت فنڈ: ۳ روپے

۷۔ "شمعِ توحید" مصنفہ: مولانا صوفی احمد دین حنیف، ضخامت: ۴۸ صفحات
ہدیہ اشاعت فنڈ: ۲ روپے ــــ اثباتِ توحید اور ردِّ شرک و بدعت پر مدلل کتاب، کتابت و طباعت عمدہ ہے۔

۸۔ "استاد اور شاگرد کی باتیں" ــــ مرتبہ: ابو محمد عبدالسلام کیلانی، ضخامت: ۲۴ صفحات بڑا سائز، ہدیہ بطور صدقہ جاریہ ۳ روپے
بعض اشکالات کے حل کے لیے سوال و جواب کی طرز پر مفید کتاب ہے۔

۹۔ "سوانح عمری مولانا عبد اللہ غزنویؒ" ــــ مرتبہ: صوفی احمد دین حنیف
ضخامت: ۱۴۴ صفحات، ہدیہ اشاعت فنڈ ...... !

۱۰۔ "اربعینِ محمدی" ــــ چالیس احادیث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مجموعہ مع ترجمہ ــــ اشاعت فنڈ: ایک روپیہ

۱۱۔ "منارۃ المسیح" (منظوم) ــــ اشاعت فنڈ: ۵۰/۱ روپے

۱۲۔ "قبر پرستی دنیا میں کیونکر پھیلی؟" ــــ ضخامت: ۱۶ صفحات، اشاعت فنڈ ایک روپیہ

۱۳۔ "برکاتِ آمین" ماخوذ از "الترغیب فی التامین" (المنذری)

۱۴۔ "صیام الرسولؐ" مولفہ سید اقتدار احمد سہسوانی، ضخامت: ۳۲ صفحات،

علاوہ ازیں متعدد مفید کتب تبلیغی پمفلٹ اور رسائل جن کی اشاعت پر مولانا احمد دین حنیف صاحب یقیناً مبارکباد کے مستحق ہیں۔ دُعا ہے اللہ تعالیٰ مولانا کو تبلیغ دین کی توفیق مزید عنایت فرمائے اور اس خدمت کو جملہ مسلمانوں کے لیے مفید اور توشۂ آخرت بنائے۔ آمین!

© rasailojaraid.com